www.KitaboSunnat.com

چنانچہ ذمی کے لئے توہین رسالت کی سزا میں رعایت نہ تو امام ابو حنیفہ کا موقف ہے، نہ ہی پاکستان کے عیسائی یا دیگر غیر مسلم ذمی ہیں، نہ وہ اس حیثیت کو مانتے اور نہ ہی اس کے تقاضے پورے کرتے ہیں، پھر جاوید غامدی کا واویلا اور ان کے لئے رعایت کا مطالبہ کس بنا پر ہے؟ پاکستان کے ایک شہری ہونے کے ناطے ان پر پاکستان کا ہی قانون توہین رسالت لاگو ہو گا، اور یہی پاکستان کے قانون اور اسلام کا تقاضا ہے۔

☜ آج بعض لوگ یہ شبہ بھی پیدا کرتے ہیں کہ گستاخِ رسول کی سزا عورت کو نہیں دی جائے گی، حالانکہ احادیثِ رسول میں یہودیہ، عمیر بن اُمیہ کا اپنی گستاخ مشرکہ بہن کو قتل کرنے اور عمیر بن عدی کے عصما بنت مروان کو قتل کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس جرم کی سزا میں عورت اور مرد میں کوئی فرق نہیں ہے۔

ہفتہ 22 جنوری 2011ء

روزنامہ امت کراچی

جاوید احمد غامدی نے ناموس رسالت قانون کو خلاف اسلام قرار دیدیا

منسوخی کا مطالبہ۔علما جھوٹ بول رہے ہیں۔نتیجہ پاکستان کی تباہی کی صورت نکلے گا۔انٹرویو میں شرانگیزی

لندن (امت نیوز) نت نئے خیالات ایجاد کرنے کے لیے مشہور جاوید احمد غامدی ناموس رسالت قانون کے خلاف بھی کھل کر سامنے آگئے ہیں۔ ممتاز برطانوی اخبار گارجین کو ایک انٹرویو میں شرانگیزی کرتے ہوئے جاوید غامدی نے ناموس رسالت قانون کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے اور دعویٰ کیا کہ قرآن وسنت میں اس کی کوئی بنیاد موجود نہیں ہے اور اسلام اس قانون کی حمایت نہیں کرتا۔جاوید غامدی نے کہا کہ ناموس رسالت قانون کو منسوخ نہ کیا گیا تو پاکستان میں مذہبی انتہاپسند اور ان کے پُرتشدد حامی مزید طاقتور ہو جائیں گے، جن کا پہلے ہی اسٹیبلشمنٹ یعنی فوج کے ساتھ اتحاد قائم ہے اور یہ قوت مقبوضہ کشمیر اور افغانستان کی لڑائی میں سرگرم ہے۔جاوید غامدی نے مزید کہا کہ ناموس رسالت قانون کے حوالے سے علما لوگوں سے جھوٹ بول رہے ہیں کیوں کہ اسلام میں اس بارے میں کوئی توجیح موجود نہیں ہے۔ملائیشیا میں اپنی اہلیہ اور بیٹیوں کے ساتھ موجود 59 سالہ جاوید احمد غامدی کا کہنا ہے کہ مذہبی قوتوں کے پاس اسٹریٹ پاور ہے، جس کے ذریعے وہ مضبوط ہو رہی ہیں، جب کہ لبرل قوتیں کمزور وتقسیم ہیں اور یہ سلسلہ ایسے ہی جاری رہا تو نتیجہ پاکستان کی تباہی کی صورت میں نکلے گا۔برطانوی اخبار کے مطابق جاوید غامدی گذشتہ برس اس وقت اپنی فیملی کے ساتھ لاہور سے ملائیشیا منتقل ہو گئے تھے، جب پولیس نے ان کے گھر کو بم سے اڑانے کی ایک کوشش ناکام بنا دی تھی۔اس حوالے سے جاوید غامدی نے کہا کہ ان کا اب پاکستان میں رہنا ناممکن ہو گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ